Rampur State Gazette.

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(نمبر ۱) مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۸ رمضان المبارک ۱۳۵۳ھ مطابق ۵ جنوری ۱۹۳۵ء (جلد ۳۴)

حصہ دوئم

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

(۱)	احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۲-۳	۵	نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ	۷
(۲)	" " صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۴	۶	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۸ و ۹
(۳)	" " صاحب ہوم منسٹر بہادر	۵			
(۴)	رودبکار " صاحب چیف جسٹس بہادر	۶	۷	نقشہ نرخنامہ اجناس۔	۱۰

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

رخصت

۲ر جنوری ۱۹۳۵ء

مثل تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر دربارہ منظوری رخصت رعایتی فضل محمود صاحب سپرنٹنڈنٹ اسٹور موٹر گراج ایک ماہ از یوم استفادہ معہ تقرر دفتر اکاؤنٹس آفس بذمہ داری کام بابو کریم الدین صاحب موٹر انجینئر۔

حکم

حسب تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر فضل محمود صاحب سپرنٹنڈنٹ اسٹور موٹر گراج کی رخصت رعایتی ایک ماہ از یوم استفادہ منظور ہے بابو کریم الدین صاحب موٹر انجینئر کام کے ذمہ دار رہیں گے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

مستقلی

۲ر جنوری ۱۹۳۵ء

رامپور میں کوالیفائڈ دستیاب نہ ہونے کے باعث میڈیکل ڈپارٹمنٹ کے لئے باتفاق رائے سروس سلیکشن بورڈ کونسل اختتامیہ سے بحکم ۱۰ر اگست ۱۹۳۳ء ڈاکٹر رحمت اللہ باشندہ ضلع غیر تقرر بمشاہرہ ۔۔۔ روپیہ بعہدہ سب اسسٹنٹ سرجن باکی تین ماہ منظوری ہوئی تھی جسکی مدت ۵ر دسمبر ۱۹۳۳ء کو ختم ہوگئی صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر ان کے کام سے مطمئن رہے۔ اور انکی مستقلی کے لئے رپورٹ کی ہے۔ لہذا حسب تحریر صاحب ہوم منسٹر بہادر ڈاکٹر رحمت اللہ خاں کو بہ تنخواہ موجودہ بعہدہ سب اسسٹنٹ سرجن ۶ر دسمبر ۱۹۳۳ء سے مستقل کیا جانا منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

مسل ۲۰ ۔۔ مع نقل واپس محافظخانہ ہو۔

دستخط فارصاحب چیف منسٹر بہادر

برآمدگی تنخواہ

حسب تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر رقم تنخواہ ایام کارکردگی من ابتدائے ۲۰ر جولائی ۱۹۳۴ء لغایت ۱۴ر اگست ۱۹۳۴ء بحساب ۔۔۔ روپیہ ماہوار عبد الرحیم خاں سربراہ کار تحصیل بلاسپور کو باندراج تتمہ برآورد حسب ضابطہ دیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

مسل ۲۶ ۔۔ مع واپس محافظخانہ ہو۔

دستخط فارصاحب چیف منسٹر بہادر

رخصت

مثل کاغذات تحریر صاحب چیف جسٹس بہادر دربارہ منظوری رخصت نو یوم رعایتی من ابتدائے ۹ر جنوری ۱۹۳۵ء منشی فیاض علیخاں صاحب

اسپیشل مجسٹریٹ بذمہ داری کام صاحب
چیف مجسٹریٹ متعلقہ دفتر اکاؤنٹنٹ آفس

حکم

حسب تحریر صاحب چیف جسٹس بہادر منشی نافع علی خاں صاحب اسپیشل مجسٹریٹ کی رخصت رعایتی نو یوم من ابتدائے ۱۹ رجنوری ۱۹۲۵ء منظور ہے ۔ ایام رخصت میں چیف مجسٹریٹ صاحب کام کے ذمہ دار رہیں گے۔ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں:-

دستخط فارصاحب چیف منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

منسوخی رخصت

بمشمہ رپورٹ نائب رجسٹرار قانونگوئے حضور تحصیل بدیں خلاصہ کہ کمترین کی رخصت رعایتی تین ہفتہ از یوم استعفا دو منظور فرمائی گئی تھی۔ ۵ ر دسمبر ۱۹۳۴ء سے مستفید ہو کر آج بتاریخ ۲۰ ر دسمبر ۱۹۳۴ء حاضر ڈیوٹی ہوگیا۔ لہذا بقیہ رخصت منسوخ فرمائی جائے مصدقہ تحصیلدار صاحب معہ ناظم صاحب حلقہ جنوبی۔

حکم

نائب رجسٹرار قانونگوئے حضور تحصیل کی بقیہ رخصت منسوخ کیجائے۔ احکام منسوخی رخصت صادر جاری ہوں

۳۰ ر دسمبر ۱۹۳۴ء

دستخط فارصاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۳۱ ر دسمبر ۱۹۳۴ء

بمشمہ یادداشت ناظم صاحب حلقہ شمالی بابتہ منظوری رخصت رعایتی پندرہ یوم محمد ابراہیم ضلعدار تحصیل بلاسپور مشاہرہ یاب پچیس روپیہ از ۱۵ ر دسمبر ۱۹۳۴ء۔ مصدقہ اکاونٹنٹ جنرل صاحب۔

حکم

رخصت مطلوبہ منظور ہے احکام جاری ہوں

دستخط فارصاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۲ ر جنوری ۱۹۳۵ء

بمشمہ یادداشت ناظم صاحب حلقہ شمالی بابتہ منظوری رخصت ایکماہ محمد شاہجہاں ضلعدار حلقہ کشن پور مولاگڈھ تحصیل سوار مشاہرہ یاب (۲۰) للعہ / و تقرر بجائش عزیز الرحمن خاں بمشاہرہ للعہ / بر بنا درخواست محمد شاہجہاں مذکور باستہ عارضہ تبادلہ خور بوجہ ناموافقت آب و ہوا۔

حکم

منشی محمد شاہجہاں ضلعدار حلقہ کشن پور مولاگڈھ کو بوجہ علالت رخصت ایکماہ آج کی تاریخ سے بعوض منشی عزیز الرحمن خاں منظور کیجاتی ہے۔ تنخواہ کا تصفیہ عقب سے ہوگا۔ احکام ضابطہ صادر جاری ہوں۔ (دستخط فاصاحب ریونیو منسٹر بہادر)

رخصت

۲ ر جنوری ۱۹۳۵ء

بمشمہ یادداشت ناظم صاحب حلقہ شمالی بابتہ منظوری رخصت رعایتی مزید ۱۵ یوم منشی رشید علیخاں نائب تحصیلدار نو آبادی بلاسپور مشاہرہ یاب للعہ / از ۱۱ ر دسمبر ۱۹۳۴ء مصدقہ اکاونٹنٹ جنرل صاحب

حکم

بسلسلہ رخصت سابقہ پندرہ یوم رعایتی رخصت ۱۱ ر دسمبر ۱۹۳۴ء سے نائب تحصیلدار نو آبادی کی منظور ہے احکام جاری ہوں

(دستخط فارصاحب ریونیو منسٹر بہادر)

احکام اجلاس صاحب ہوم منسٹر بہادر

رخصت

۲۹ دسمبر ۱۹۳۴ء

ثبتہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس دربارہ منظوری رخصت مزید ۱۵ یوم بشیر احمد مدرس مدرسہ کلک خانم تحصیل سوار بشاہرہ دار عـہ ماہوار بسلسلہ سابقہ و بانتظام موجودہ از ۱۹ دسمبر لغایتہ ۳۰ دسمبر ۳۴ء مصدقہ جناب اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب۔

حکم

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس و تصدیق سررشتہ اکاؤنٹنٹ جنرل بشیر احمد مدرس تنخواہ دار تیرہ روپیہ عـہ ماہوار کی رخصت بیماری بوضع نصف تنخواہ ۱۶ لغایتہ ۳۰ دسمبر ۱۹۳۴ء برائے پندرہ یوم بموجب سفارش ڈاکٹر منظور ہے۔ ایام رخصت میں رام گوپال عوض خدمت انجام دے گا۔ لہذا بقیہ نصف تنخواہ رام گوپال کو دیجائیگی سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

رخصت

۲۹ دسمبر ۱۹۳۴ء

ثبتہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس دربارہ منظوری رخصت ۵ یوم سید مقبول حسین مدرس مدرسہ ہوناگر تحصیل بانسواڑہ بعوض عبدالوحید امیدوار مصدقہ جناب اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب۔

حکم

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس و تصدیق سررشتہ اکاؤنٹنٹ جنرل مقبول حسین مدرس تنخواہ دار تیرہ روپیہ عـہ ماہوار کی رخصت پانچ یوم ۱۹ لغایتہ ۲۲ دسمبر ۱۹۳۴ء بتعین عوض مسمی عبدالوحید منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

رخصت

۲۹ دسمبر ۱۹۳۴ء

ثبتہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس دربارہ منظوری رخصت دو یوم بوضع تنخواہ محمد ولی خاں مدرس اول مدرسہ تحصیل سوار۔

حکم

بموجب رپورٹ محمد ولی خاں مدرس اول کی رخصت مزید دو یوم ۱۵ و ۱۶ دسمبر ۱۹۳۴ء بوضع تنخواہ منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

روبکار اجلاس جناب چیف جسٹس بہادر

واقع ۲۴ دسمبر ۱۹۳۴ء

بسلسلہ نگرانی اشتیاق علی و گوپی ناتھ ملزمان سائلان بنام کشن لال مستغیث فریق ثانی۔ الزام دفعہ ۵۰۶ تعزیرات ہند تجویز عدالت اسپیشل مجسٹریٹی نمبری ۹۲ مورخہ ۲ اکتوبر ۱۹۳۴ء ہمنے ملاحظہ کی۔ اس تجویز میں صاحب موصوف نے ایک فقرہ یہ تحریر کیا ہے کہ "اس کا (اشتیاق علی ملزم کا) شریک جرم ہونا بھی بوجہ اس سے علاوہ شہادت ثبوت کے اور زیادہ قابل یقین ہے کہ مسلمان پٹھان ہے" ہمارے نزدیک یہ فقرہ ایک عدالت کے قلم سے فیصلہ میں لکھا جانا ایک ایسا امر ہے جو قانوناً اور انصافاً ناواجب ہے۔ قانون خاص حالات میں عدالتوں کو اجازت دیتا ہے کہ فریقین کے طرز عمل سے چند ایک قیاس قائم کر سکیں لیکن قانوناً و انصافاً کسی شخص کے خلاف اوسکا پٹھان یا مسلمان یا ہندو یا برہمن ہونا ثبوت جرم کے لئے دلیل نہیں ہو سکتا اور ہم توقع رکھتے ہیں کہ آیندہ کسی عدالتی معاملات میں عدالتوں کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانے کی ضرورت نہ ہوگی۔ ترازوے انصاف بلا لحاظ مذہب و ملت یا ذات پات کے استعمال ہونا چاہیے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا واسطے اطلاع و ہدایت جملہ عدالتوں کے اندراج گزٹ کیلئے مطبع سرکاری کو مرسل ہو اصل روبکار شریک فائل کیا ہو۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

(اجلاس جناب چیف جسٹس صاحب بہادر)

فہرست پیشی مقدمات جن کی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں من ابتدا ۲۸ دسمبر ۱۹۳۴ء لغایت ۳ جنوری ۱۹۳۵ء ہوئی منکہ بحکم جناب چیف سکرٹری کو درجہ
دستخط فارم صاحب چیف جسٹس

فہرست پیشی مقدمات جن کی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں من ابتدا ۲۸ دسمبر ۱۹۳۴ء لغایت ۳ جنوری ۱۹۳۵ء ہوئی

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۲۸ دسمبر ۱۹۳۴ء	جمعہ				تعطیل شہادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام
۲۹ " "	شنبہ				بشرح صدر
۳۰ " "	یکشنبہ	مسٹر جسٹس محمد شاہنی نعمت صاحب بہادر	مسماۃ حمیدی بیگم بنام مشتاق احمد خاں	ابتدائی دیوانی دعویٰ دین مہر	برائے فیصلہ قطعی ۴ فروری ۱۹۳۵ء تاریخ مقرر ہوئی
"	"	"	سرکار بہادر بنام بنے علی وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۷ ت	بغرض پیش کرنے گواہان ۱۱ جنوری ۱۹۳۵ء تاریخ مقرر ہوئی
"	"	"	سرکار بہادر بنام اشرف علی خاں	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۵/۳۶۷ ت	برائے سماعت تجویز ۳۱ دسمبر ۱۹۳۴ء تاریخ مقرر ہوئی
۳۱ " "	دوشنبہ	"	مسماۃ اکبری بیگم بنام مسماۃ محمدی بیگم وغیرہ	درخواست مفلسی	۱۷ فروری ۱۹۳۵ء تاریخ مقرر ہوئی
"	"	"	فدا حسین بنام نیاز حسین وغیرہ	اپیل دیوانی دعویٰ تخلیہ کوٹھری	برائے ادخال تتمہ شہادت ۹ جنوری ۱۹۳۵ء تاریخ مقرر ہوئی
"	"	"	سرکار بہادر بنام علی جان خاں	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۹ ت	شہادت پیش کرنے کو ۲۸ جنوری ۱۹۳۵ء تاریخ مقرر ہوئی
"	"	"	سرکار بہادر بنام بنے علی وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۷ ت	برائے سماعت بحث ۳ جنوری ۱۹۳۵ء تاریخ مقرر ہوئی
"	"	"	سرکار بہادر بنام اشرف علی خاں	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۵/۳۶۷ ت	ملزم بعدم ثبوت جرائم دفعات ۳۰۵ و ۳۶۷ تعزیرات رامپور بری کیا گیا
یکم جنوری ۱۹۳۵ء	سہ شنبہ				تعطیل
۲ " "	چہار شنبہ	مسٹر جسٹس محمد شاہنی نعمت صاحب بہادر	حافظ نبی شیر بنام نوشہ محمد	اپیل فوجداری جرم دفعہ [illegible] ت	[illegible]
۳ " "	پنجشنبہ	"	سرکار بہادر ذریعہ مقدم گھوسی بنام بنے علی وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۷ ت	زیر پیشی

حکم اجلاس جناب صاحب کنٹرولر بھاؤ ہاؤس ہولڈ

رخصت

۲۵ دسمبر ۱۹۳۴ء

بذریعہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ موٹر گراج
مع درخواست و نقشہ رخصت رعایتی
تین ماہ مسمی حیدر علیخاں ڈرائیور موٹر گراج
مشاہرہ دار پچیس روپیہ معہ از ۲ نومبر ۱۹۳۴ء
بوجہ بقائے علالت خود مع تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ
جنرل مشعر عدم استحقاق رخصت رعایتی
بوجہ حصول رخصت سہ ماہ رعایتی تا ۱۲ نومبر
۱۹۳۴ء و استحقاق رخصت بیماری بوضع
نصف تنخواہ بموجب سارٹیفکٹ ڈاکٹری۔

حکم

حسب رائے صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل مزید رخصت
تین ماہ ۲۰ نومبر ۱۹۳۴ء سے نصف تنخواہ پر منظور ہے
صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب کنٹرولر بھاؤ ہاؤس ہولڈ

حکم اجلاس جناب صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر

رخصت

۳۰ نومبر ۱۹۳۴ء

کاغذات رخصت اشرفی لال کمپونڈر مشاہرہ دار ۱۵ روپیہ
ملاحظہ ہوئے۔ سائل کو بوجہ بیماری رخصت کی ضرورت ہے
اکاؤنٹ آفس سے استحقاق رخصت رعایتی بکماہ سات یوم
کی تصدیق ہو گئی اس رخصت کے منظور کرنے سے خزانہ
پر کوئی بار نہ پڑیگا۔ لہذا اشرفی لال کمپونڈر کی رخصت رعایتی
یکماہ سات یوم ۲۰ نومبر لغایت ۲۶ دسمبر ۱۹۳۴ء منظور ہے
بغرض اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسلہ۔

(دستخط صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر)

حکم اجلاس ناظم صاحب حلقہ جنوبی

معطلی

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل بدیں خلاصہ کہ عنفر انجان ضلعدار حلقہ بہ پورہ و عاشق رضا خاں ضلعدار حلقہ احمد پور شکارپور بحکم ۹ر دسمبر ۱۹۳۴ء بوجہ کمی وصول معطل کئے گئے بجاے عاشق رضا خاں سے احمد حسین خاں امیدوار کو چارج دلائے جانیکے متعلق حکم دیدیا گیا ہے۔ عنفر انجان ضلعدار نے معطلی کی خبر پاکر وصول مطالبہ میں کوشش کی اسلئے اوسکی بحالی کا حکم صادر فرمایا جائے۔

حکم

اس قسم کی سفارشات تحصیلدار صاحب سے کام خراب ہوتا ہے میں نے حکم بنا دلہ چارج و معطلی حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب دیا تھا اس حکم کی تحصیلدار صاحب نے تعمیل نہیں کی حکم کی تعمیل نہایت ضروری تھی۔ حکم کی نہ تعمیل کرنا بمنزلہ اسکے ہے کہ اوس عہدہ کی توہین کیجاوے۔

کاغذات بذا پاس تحصیلدار صاحب واسطے تعمیل حکم واپس ہوں۔

۲۴ر دسمبر ۱۹۳۴ء

دستخط ناظم صاحب حلقہ جنوبی

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل بدیں خلاصہ کہ عنفر انجان ضلعدار معطل شدہ سے حشمت اللہ کو بتاریخ ۹ر دسمبر ۱۹۳۴ء قبل مد پھر چارج دلادیا۔ حکم معطلی کا اجرا نہیں ہوا ہے۔ اجرا احکام فرمایا جاوے۔

حکم ثانی

عنفر انجان کا اجراے احکام سررشتہ مدد سے حسب ضابطہ کیا جاوے بعد اجرا احکام کاغذات واپس سررشتہ کے جاریں صدر منصرم صاحب ملازمان تعمیل کریں۔ عنفر انجان کی معطلی کی زمانہ میں حشمت اللہ خاں کا تقرر منظور ہے۔

۲ر جنوری ۱۹۳۵ء

دستخط ناظم صاحب حلقہ جنوبی

حکم دفتر ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر

رخصت

۳۰ر دسمبر ۱۹۳۴ء

مثبتہ رپورٹ صاحب ہیڈ اسسٹنٹ محافظ خانہ سیکشن علاوہ بارہ صدور حکم منظوری رخصت چہار یوم رعایتی از ۱۷ لغایت ۲۰ر دسمبر ۱۹۳۴ء مشتاق حسین اہلمد محافظ خانہ مشاہرہ داری عت ماہوار معہ دو جواب اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب۔

حکم

مشتاق حسین اہلمد کی رخصت رعایتی ۴ یوم بوجہ علالت از ۱۷ر لغایت ۲۰ر دسمبر ۱۹۳۴ء منظور کیجاتی ہے۔

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر

نقشۂ اجناس ریاست رامپور ۔ بابت ہفتہ اول ماہ جنوری ۱۹۳۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۱ ۰ا ر، ۱۳ ا ر، ۱۲ ا ر	۱۲ ا ر	۱۱ ا ر	۱۲ ا ر، ۱۲ ا ر	۱۳ ا ر	۱۳ ا ر، ۱۳ ا ر	
نخود خالص	۱۵ ا ر	۱۵ ا ر	۱۵ ا ر	۱۷ ۰ا ر	۱۵ ا ر	۱۶ ا ر	
نخود کرتہ آبپاشی	۱۵ ۰ا ر، ۱۶ ا ر	۱۶ ۰ا ر	۵ ۰ا ر	۱۸ ا ر	۱۶ ا ر	۱۴ ا ر	
کرتہ	۱۶ ا ر، ۱۶ ۰ا ر	۱۷ ا ر	۱۶ ا ر	۱۹ ا ر	۱۷ ا ر	۰	
ماش	۹ ۰ا ر	۸ ۰ا ر	۸ ۰ا ر	۸ ۰ا ر	۸ ۰ا ر	۹ ا ر	
مونگ	۱۲ ا ر	۱۱ ا ر	۱۰ ا ر	۱۰ ا ر	۱۰ ا ر	۱۱ ا ر	
مکا	۱۸ ۰ا ر، ۱۹ ا ر، ۱۷ ا ر	۲۱ ا ر	۱۸ ۰ا ر	۱۷ ا ر	۱۹ ا ر	۲۰ ا ر	
جئی	۱۷ ا ر، ۱۸ ا ر	۰	۰	۰	۳۰ ا ر	۳۲ ا ر	
گوجئی	۱۰ ا ر، ۱۰ ۰ا ر	۰	۰	۰	۱۵ ا ر	۲۰ ا ر	
عدس	۱۳ ا ر، ۱۳ ۰ا ر	۱۴ ا ر	۰	۱۶ ا ر	۱۴ ا ر	۱۲ ا ر	
ارہر	۱۱ ا ر	۱۴ ا ر	۰	۱۲ ا ر	۰	۱۴ ا ر	
برنج	۱۱ ۰ا ر، ۱۱ ا ر، ۱۲ ا ر	۱۱ ا ر، ۱۰ ا ر	۱۰ ا ر	۱۰ ۰ا ر	۱۰ ۰ا ر، ۱۲ ا ر	۱۱ ا ر، ۱۳ ا ر	
روغن زرد	۲ چھٹانک، ۱۲	۳ چھٹانک	۱۴ چھٹانک	۲ ا ر	۳ چھٹانک	۳ چھٹانک	
روغن سیاہ	۰	۲ ۰ا ر	۲ ا ر	۲ ا ر	۲ ا ر	۲ ا ر، ۳ ا ر	
روغن کنجد	۱ ا ر	۲ ا ر	۲ ا ر	۲ ا ر	۲ ا ر	۲ ۰ا ر	
نمک سانبھر	۶ ا ر	۶ ا ر	۶ ۰ا ر	۶ ا ر	۱۰ ا ر	۶ ۰ا ر	
نمک لاہوری	۶ ا ر	۷ ا ر	۶ ا ر	۷ ا ر	۰	۸ ا ر	
قند سیاہ	۹ ۰ا ر، ۹ ا ر	۸ ۰ا ر	۹ ا ر	۰	۹ ا ر	۸ ا ر	
باجرہ	۱۶ ۰ا ر	۱۸ ا ر	۱۷ ا ر	۰	۱۶ ا ر	۱۶ ا ر، ۱۷ ا ر	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور